شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

16اگست2024ء

پریس ریلیز

پاکستان کے استحکام کے لیے ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ناگزیر ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): پاکستان کے استحکام کے لیے ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ ناگزیر ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ 1940ء میں قراردادِ لاہور منظور ہونے کے بعد سات سال کے قلیل عرصہ میں پاکستان کا قائم ہو جانا یقیناً ایک معجزہ تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اِس معجزہ کی پشت پر ''پاکستان کا مطلب کیا: لا الہ الا اللہ'' کا نعرہ تھا جس نے انگریز کی حاکمیت اور ہندو کی اکثریت کو شکستِ فاش سے دوچار کر دیا۔ اِس معجزہ کا عملی ظہور اُس سال ستائیس رمضان المبارک کو ہوا جب 14 اگست 1947ء کو متحدہ ہندوستان سے الگ، پاکستان کے قیام کا اعلان ہوا۔ پھر اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا اور قیام پاکستان کے ڈیڑھ سال بعد 1949ء میں قراردادِ مقاصد منظور ہو گئی جس سے ریاست کی سمت بجا طور پر متعین ہو گئی۔ اس پر مستزاد یہ کہ پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے 31 جید علماء نے 22 متفقہ نکات پر مشتمل متفقہ فارمولہ پیش کیا کہ پاکستان کو جدید دور کی اسلامی فلاحی ریاست کیسے بنایا جا سکتا ہے اور نفاذ اسلام کے حوالے سے حجت قائم کر دی۔ لیکن افسوس صد افسوس کہ اس کے بعد قوم اپنے اصل مقصد سے ہٹ گئی اور عملی طور پر متواتر حکومتوں نے سیکولرازم کو اپنا ہدف اور مقصود بنا لیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دنیا میں بھی ذلیل و رسوا ہوئے اور اللہ رب العزت کی ناراضگی بھی مول لے لی۔ 1971ء میں بھارت کے ہاتھوں ذلت آمیز شکست ہوئی اور ملک دو حصوں میں بٹ گیا۔ امیر تنظیم نے سوال اُٹھایا کہ اسلام سے دور ہٹ کر اور سیکولرازم کی راہ اختیار کر کے ذلت و خواری کے سوا ہم نے کیا حاصل کیا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ سیاسی عدم استحکام، امن و امان کی بدترین صورتحال، اقتصادی دیوالیہ پن، بدترین معاشرتی بگاڑ اور عالمی قوتوں کی محتاجی بلکہ غلامی ہمارا مقدر بن گئی ہے۔ آج صورتِ حال اس قدر مخدوش ہو چکی ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان مسلسل مصائب اور عذاب کے سائے میں ہے۔ اسی تناظر میں تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام ''استحکام پاکستان بذریعہ نفاذِ اسلام'' کے عنوان سے ایک مہم جاری ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پوری قوم انفرادی اور اجتماعی سطح پر توبہ کرے۔ ہم اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کی طرف رجوع کرنے کا عہد کریں اور پاکستان میں نفاذِ اسلام کے لیے تن من دھن لگا دیں۔ جس سے نہ صرف مملکتِ خداداد پاکستان کی بقا اور سلامتی یقینی ہو جائے گی بلکہ اُسے استحکام بھی نصیب ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ!

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان